یوحنا کی انجیل باب نمبر ۱۴

کیا آپ کو معلوم ہے کہ دنیا کا سب سے پُرانا ترازو وادی سندھ میں پایا گیا تھا؟ یہ ایک سادہ سا ترازو تھا جس میں دونوں اطراف اشیاء رکھ کر برابر تولا جاتا تھا اور اس طرح سے چیزوں کو ایک دوسرے کے عیوض میں دیا اور لیا جاتا تھا، برابر وزن کی چیزوں کے ساتھ لین دین کیا جاتا تھا۔ روحانی اعتبار سے اگر سوچیں کہ خداوند یسوع مسیح کی محبت کے برابر کون سی چیز ہوگی؟ ممکن نہیں کہ کوئی چیز اُس محبت کی برابری کر سکے جو خداوند یسوع مسیح ہم سے رکھتا ہے۔ ا یوحنا ۳:۱ میں لکھا ہے دیکھو باپ نے ہم سے کیسی محبت کی ہے کہ ہم اُس کے فرزند کہلائے ہیں۔ اسی محبت کی تصویر ہمیں یوحنا ۱۴ اباب میں ہمیں دکھائی دیتی ہے۔

یوحنا ۱۴ اباب شائد خداوند یسوع مسیح کی زندگی میں سب سے کھٹن وقت تھا لیکن وہ اپنے شاگردوں کو سب سے اہم بات کہتے ہیں۔ وہ اُن کے دلوں مضبوط کرتا ہے۔ خداوند یسوع مسیح جانتے تھے کہ صلیب ابھی زیادہ دور نہیں ہے۔ اور وہ اپنے ذات سے بڑھ کر اپنے شاگردوں کے فکرمند ہیں۔ خداوند اپنے شاگردوں کے کہتے ہیں تمہارا دل نہ گھبرائے تم خدا پر ایمان رکھتے ہو مجھ پر بھی ایمان رکھو۔ خداوند یسوع مسیح نے اپنے شاگردوں کو کبھی ناکام نہیں ہونے دیا تھا ڈوبتے ہوئے پطرس کو بچالیا، اُن کے سامنے بیماروں کو شفا دی، بدروحوں کو نکالا، اُن کے سامنے مُردوں کو زندہ کیا اور طوفان کو دھما دیا۔ بارہا خداوند نے اپنے شاگردوں کو جتایا کہ اُن پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اب خداوند یسوع مسیح اُن کے بدنی طور پر رخصت ہونے والے تھے۔ خداوند نے کیا وعدے کیے تھے؟

آیت نمبر ۲۔ میں جاتا ہوں تاکہ تمہارے لیے جگہ تیار کروں جب وہ ہو جائے گی تو میں آکر تمہیں اپنے پاس لے لوں گا۔ خداوند نے کہا میرے باپ کے گھر میں مکان ہیں۔ اب خدا کے مکان کہاں ہیں؟ زبور ۲۳ میں داؤد فرماتا ہے کہ میں ہمیشہ خداوند کے گھر میں سکونت کروں گا زبور ۲۶ میں کہتا ہے اے خداوند مجھے تیرے سکونت گاہ میں رہنا ہے جہاں تو رہتا ہے، زبور ۸۴ میں کہتا ہے اے لشکروں کے خدا تیرے مسکن کیا ہی دل کش ہیں میری جان خداوند کی بارگاہوں کی مشتاق ہے بلکہ گداز ہو چلی ہے میرا دل اور میرا جسم زندہ خدا کے لیے خوشی سے للکارتے ہیں مسیح کی پیروی کا مطلب اُس کے تابع اور روفادار ہونا ہے وہی آسمانی راہ ہے وہ سیڑھی جو یعقوب نے دیکھی تھی وہ مسیح ہی کی مثال ہے پیدائش ۲۸۔ یوحنا ۱۴:۶ میں خداوند یسوع مسیح نے یہی دعوہ کیا تھا۔

الٰہی پرودگاری دیکھیں

،کلام میں مقدس میں لکھا ہے رومیوں ۳:۲۳ سب نے گناہ کیا ہے اور خدا کے جلال سے محروم ہیں۔ چونکہ ہم گناہ گار ہیں اس لیے ہمیں خدا کی تابعداری کرنے کے لیے مدد درکار رہے، خداوند یسوع مسیح نے یہ وعدہ کیا یوحنا ۱۴:۱۷ میں باپ سے درخواست کروں گا کہ تمہیں مددگار دے جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے یعنی روح حق، اور یہ روح القدس خدا کا دم ہے جسے دیکھا نہیں جا سکتا، اُس کے کام کو انسانی زندگیوں میں دیکھا جا سکتا ہے۔ یوحنا ۳:۸، لفظ ''خدا کا روح'' عہد قدیم میں ۸۶ بار آیا ہے بائبل مقدس کا ہر طالب علم جانتا ہے کہ اس کا پہلا زکر پیدائش ۱:۱ میں اتا ہے جب خدا نے آسمان اور زمین کو بنایا، خدا کی پانیوں پر جنبش کرتی تھی۔ اسی خدا نے روح نے انسانوں (نبیوں) کے ساتھ الہام کیا (۲ سموئیل ۲۳) اور داؤد جیسے کمزور انسان کو دلیر اور طاقت ور بنا دیا۔ اسی روح القدس نے بادشاہوں کو تقویت بخشی (۲ تواریخ

۲۰)۔وہی روح القدس ایمانداروں کو مسیح کی تعلیم دیتا ہے ہمیں سکھاتا ہے، جدید دور میں لوگ سیری اور الیکسا سے سوال کرتے ہیں یہی مثال روح القدس کی ہے وہ ہمیشہ ہمارے ساتھ ہے ہم جب چاہیں اُس مدد اور راہنمائی لے سکتے ہیں۔

خداوند یسوع اپنا اطمنان ہمیں دیتا ہے۔

یوحنا ۱۴: ۲۷ میں تمہیں اطمنان دئے جاتا ہوں اپنا اطمنان تمہیں دیتا ہوں جس طرح دنیا دیتی ہے اُس طرح نہیں دیتا تمہارا دل نا گھبرائے اور نہ ڈرے۔ بالحاظ اطمنان کا مطلب ''مکمل ہونا ہے'' صرف اور صرف خدا ہی اطمنان کا منبع ہے خداوند یسوع مسیح کی پیدائش سے کئی سو سال پہلے جب یسیعاہ مسیح کی پیدائش کی پیشن گوئی کر رہا تھا تو اُس نے مسیح خداوند کو؟ سلامتی کا شہزدہ کہا تھا کیا سلامتی ہی نہیں جس کے لیے دنیا میں کوششیں ہو رہی ہیں اور جس کے لیے انسان ہمیشہ خواہش کرتا ہے۔کسی زمانے میں یہ سائن بورڈ سب جگہ لگا ہوتا تھا جہاں خدا نہیں وہاں سلامتی نہیں، خدا کو جانیں اور اطمنان اور سلامتی پائیں۔کیا آپ کو معلوم ہے اور آپ یقین رکھتے ہیں کہ اس شور شرابے کی دنیا میں آپ کے پاس دلی اطمنان ہے اور آپ خدا کے ساتھ سلامت ہیں؟ خدا کو جانیں، کیا آپ اپنی پریشانیوں کو بوجھ اُٹھا کر چلتے ہیں، اپنے آپ کو لیکر اس دنیا میں جینے کی بجائے اپنے آپ کو گھسیٹ رہے ہیں؟ کیا آپ کو یہ باتیں بھی پریشان کرتی ہیں کہ آپ اپنے خاندان کے لیے بنیادی ضروریات کیسے فراہم کریں گے۔خدا باپ کے ساتھ پختہ رشتہ قائم کریں جو صرف خداوند یسوع مسیح کی معرفت ممکن ہے۔یاد رکھیں جو وعدے خداوند یسوع مسیح نے کیے ہیں وہ سب سچ ہیں۔اور جو کچھ وہ مہیا کرتا ہے وہ قائم رہتا ہے خاص کر باپ کے ساتھ رشتہ جو مسیح کی معرفت قائم ہو وہ کبھی ٹوٹتا نہیں ہے۔

یقین جانیں کہ اس شور بھری دنیا میں جس اطمنان اور سلامتی کی ضرورت ہے وہ صرف خداوند یسوع مسیح کے پاس ہے آپ جیسے جیسے خداوند یسوع مسیح کو شخصی طور پر جانیں گے اُس کے کلام میں، اُسکے لوگوں کے ساتھ رفاقت میں وقت گذاریں گے تو آپ خدا باپ کی محبت میں، خداوند یسوع مسیح تعابداری، اور روح القدس کی راہنمائی میں مضبوط ہونگے، آپ کے اردگرد شور ہوگا لیکن وہ شور آپ کے اطمنان کو نقصان نہیں پہچا پائے گا۔پھر آپ اس خوشی میں زندگی گذاریں گے کہ خداوند یسوع مسیح میرا منجی باپ کے پاس گیا ہے وہاں سے ایک دن واپس ائے گا اور اس دنیا کو پھر سے نیا بنا دے گا اُس دنیا کی طرح کو ہمیں پیدائش کی کتاب میں نظر آتی ہے۔اسی خوشی میں آپ دوستوں کو، اپنے عزیزوں کو یہی خبر دینے کی خواہش رکھیں کہ اُنہیں بھی معلوم ہو کہ آپ کی اُمید کیسی کچھ ہے ا یوحنا ۳: ۱ دیکھو خدا نے ہم سے کیسی محبت رکھی کہ ہم اُس کے فرزند کہلائے اور ہم ہیں بھی۔ ہمارا خداوند یسوع مسیح کھلے بازو ہم سب کا انتظار کرتا ہے کہ ہم ہمیشہ کی زندگی کے لیے اُس کے پاس جائیں، خداوند آپ کو برکت دے۔آمین